08/05/2025

09.25 AM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ شبیر الزمان سے خبریں سُنئے

تیاری

بھارت نے کہا ہے کہ آپریشن سندور کے بعد اگر پاکستان نے کوئی جوابی کاروائی کی تو اس صورت میں نئی دلی کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کے لئے پوری طرح سے تیار ہے ۔ جیسا کہ پہلے ہی خبر دی جا چکی ہے کہ بھارت کے مسلح افواج نے گزشتہ رات کے دوران ،پہلگام حملے کے ردِ عمل میں پاکستان اور پاکستانی مقبوضہ کشمیر کے اندر قریب نو دہشت گرد ٹھکانوں پر ہوائی حملے کئے ۔

میٹنگ

اس دوران مرکز نے آج ایک کل جماعتی میٹنگ طلب کی ہے جس دوران سیاسی جماعتوں کے لیڈروں کو آپریشن سندور کے بارے میں تفصیلی جانکاری دی جائے گی ۔ غور طلب ہے کہ سبھی سیاسی جماعتوں نے اپنے سیاسی نظریات سے بالا تر ہو کر ، فوج کی سراہنا کی ہے ۔

راج ناتھ سنگھ

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور کو عمل میں لا کر بھارت نے ” جواب دینے “ کے اپنے حق کا استعمال کیا ہے ۔ نئی دلی میں BRO کی یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دہشت گرد ٹھکانوں کو انتہائی درستگی کے ساتھ نشانہ بنا کر بھارتی فوج نے ایک تاریخ رقم کی ہے ۔

پرواز

آپریشن سندور کے بعد شمالی بھارت کے کئی ہوائی اڈوں کو کمرشل پروازوں کے لئے بند کیا گیا ہے جن میں سرینگر کا بین الاقوامی ہوائی اڈہ بھی شامل ہیں۔ سرینگر ائیر پورٹ سے آج روانہ

ہونے والی حج پروازوں کو منسوخ کر دیا گیا ہے ۔ کل یعنی سات مئی کی پروازوں کو بھی منسوخ کیا گیا تھا ۔ جموں کشمیر حج کمیٹی نے کہا ہے کہ ان پروازوں کے عازمین کی روانگی کے لئے تاریخوں کا الگ سے اعلان کیا جائے گا۔

کنٹرول روم

صوبائی انتظامیہ کشمیر نے موجودہ صورتحال کے تناظر میں وادی کے دس اضلاع میں عام لوگوں کی سہولت کے لئے کنٹرول روم قائم کئے ہیں ۔ اس سلسلے میں ڈویژنل کمشنر کشمیر کی طرف سے ایک فہرست جاری کی گئی ہے جس میں رات دن کام کرنے والے ان کنٹرول روموں کے نمبرات دئے گئے ہیں ۔

لائن آف کنٹرول

جموں کشمیر کے کئی سرحدی اضلاع میں لائن آف کنٹرول پر سرحدی فائرنگ کا سلسلہ جاری ہے ۔ گزشتہ رات بھی پاکستانی فوج نے چھوٹے درجے کے ہتھیاروں سے کچھ بھارتی علاقوں کو نشانہ بنایا ۔ دفاعی ذرائع نے کہا کہ کپوارہ ، بارہمولہ ، اوڑی اور اکھنور کے علاقوں میں سرحد پا سے ر کی گئی فائرنگ کا بھارتی جوانوں نے بھی مناسب جواب دیا ۔

اُدھر جموں خطے کے کچھ سرحدی علاقوں سے حکام نے پاکستانی فائرنگ اور شیلنگ کے تناظر میں عام لوگوں کو محفوظ مقامات کی طرف منتقل کیا ہے ۔ جموں کے ہمارے نمائندے کے مطابق پونچھ اور راجوری اضلاع میں کل کی فائرنگ اور شیلنگ سے چار بچوں اور دو خواتین سمیت 12 افراد ہلاک ہو گئے جبکہ 50 سے زائد زخمی ہو گئے ہیں ۔ ٹنگڈار میں بھی کل پاکستانی فائرنگ سے تین عام شہری جاں بحق ہوگئے ۔

کشمیر یونیورسٹی

کشمیر یونیورسٹی کی طرف سے دس مئی تک لئے جانے والے سبھی امتحانات فی الحال موخر کر دئے گئے ہیں ۔ نئی تاریخوں کا اعلان الگ سے کیا جا ئے گا ۔ اسی دوران کشمیر یونیورسٹی میں انڈر گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کورسوں کے لئے داخلے کا عمل شروع ہو چکا ہے ۔ اس سلسلے میں درخواستےں جمع کرانے کی آخری تاریخ 16 مئی مقرر کی گئی ہے ۔

شاہراہ

سرینگر جموں قومی شاہراہ ٹریفک کی آمد رفت کے لئے بند کر دی گئی ہے ۔ دراصل رام بن ضلع میں شاہراہ کے ترشول موڑ اور چھمبا سیری میں آج صبح سویرے موسلادھار بارش کے نتیجے

میں چٹانیں اور مٹی کے تودے کھسک آئے ہیں ۔ ہمارے نمائندے نے ٹریفک حکام کا حوالہ دے کر خبر دی ہے کہ دو گاڑیاں ملبے کے نیچے دب گئی ہیں جبکہ شاہراہ کی بحالی کے لئے ملبہ ہٹانے کا کام جاری ہے ۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت16 اعشاریہ 6 ڈگری جبکہ جمو ں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 19 اعشاریہ1 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ